# نبُوّتی پیغام کا خلاصہ
# سبق نمبر: 13 طویل ترین مُدتی پیشینگوئی

**ایک حیرت انگیز حقیقت:** ہانگ کانگ – زوہائی – مکاؤ پل دُنیا کا سب سے لمبا سمُندر پار کرنے والا پل ہے، تین کیبل سے بنے پل ہیں جن میں زیر سمُندر سرنگ ہے اور ہانگ کانگ کو چین کی سرزمین سے ملانے والے چار مصنوعی جزیرے ہیں۔ یہ پل 34 میل سے زیادہ لمبا ہے اور خلیج کے آس پاس کے 11 شہروں کو خدمات فراہم کرتا ہے جہاں 68 ملین افراد رہتے ہیں۔ چونکہ یہ انتہا ئی مصروف جہاز رانی والا علاقہ ہے، اِس لیے بہت بڑے پل کے کچھ حصّے کو پانی کےاندر جانا پڑتا ہے، اِس کی لمبا ئی 4 میل ہے جبکہ ڈھانچے کے دیگر حصّے چھوٹے جہازوں کے نیچے سے گزرنے کے لیے کافی اُونچے ہیں۔ اِس ڈھانچے میں تقریباً 1,000,000 کیوبک گز سیمنٹ لگا تاکہ بڑے زلزلوں اور موسمی طوفانوں کا مقابلہ کیا جا سکے۔ HZM پل کے ایک صدی تک چلنے کی توقع تھی جس کی لاگت کا تخمینہ 18 بلین ڈالرتھا۔ 2009 میں شروع ہونے والے اِس بڑے منصوبے کو تاخیر اور حفاظتی خدشات کی وجہ سے مکمل ہونے میں تقریباً ایک دہا ئی لگ گئی — اور تعمیر کے دوران 19 افراد ہلاک ہوئے، جو گولڈن گیٹ برج کی تعمیر میں مرنے والوں کی تعداد سے تقریباً دوگنی ہے۔

بائبل مُقدّس کے مہان ماہر کاریگرخُدا کی تعمیر کی کہانی ہے، جس کے لیے بھاری قیمت اور قربانی دینا پڑی ، آسمان اور زمین کو جوڑنے کے لیے ایک پل بنایا گیا ۔ ہم انسانوں کو ہمارے گُناہوں کی وجہ سے آسمانی باپ سے الگ کر دیا گیا ، لیکن یسُوع کی کفارہ بخش مَوت ، بے پناہ پھیلی ہو ئی خلیج کو اور اِیمانداروں کو اپنے خالق کے ساتھ ملانے کے لیے ایک پل بن گئی۔

بائبل مُقدّس میں پا ئی جانے والی سب سے طویل مُدتی پیشینگوئی دانی ایل کی کتا ب میں پا ئی جاتی ہے ۔،جو عین وقت کے مطابق ، مسیح کا برّہ کے طور پر آنا اور اُس کے دوبارہ آنے سے پہلے ہمارے لیے بطور سر دار کاہن کے اُس کی شفاعتی خدمت کا بیان کرتی ہے۔ اِس مطالعہ کے سنسنی خیز نتائج آپ کو یہ سمجھنے میں مدد کریں گے کہ خُدا تمام تاریخ اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے۔ اور اُس کے بنائے ہوئے پل کو عبور کر کے آپ مستقبل کا سامنا بغیر کسی خوف کے کر سکتے ہیں...

کاپی رائٹ © 2024 از امیزنگ فیکٹس انٹرنیشنل۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔
P.O Box 1058, Roseville, CA 95678 | amazingfacts.org | 800-538-7275 |
The Scripture taken from the Holy Bible in Urdu, Revised Version, Copyright © 2010, by The Pakistan Bible Society. Used by permission of the Pakistan Bible Society. All rights reserved.

**جب آپ کو کوئی ________ خالی جگہ نظر آئے تو، بائبل مُقدّس میں سے مطلوبہ لفظ تلاش کریں اور اُس جگہ کو پُر کریں ...**

**1۔ دانی ایل نبی کی ایک حیرت انگیز رویا تھی جس میں اُس نے دو سینگوں والا مینڈھا دیکھا (دانی ایل8:1-4) —مینڈھا کس چیز کی نمائندگی کرتا ہے؟**

**دانی ایل 20:8** "جو مینڈھا تُو نے دیکھا اُس کے دونوں سِینگ __________ اور __________ کے بادشاہ ہیں۔"

**نوٹ:** تاریخی اعتبار سے ، عبرانی چرواہے تھے، جس کی وجہ سے وہ بھیڑوں اور بکریوں کی فطرت سے بخوبی واقف تھے۔ خُدا نے اِن مخلوقات کو قوموں کی علامت کے طور پر استعمال کیا، جیسا کہ فارس، جو اِسرائیل اور اس سے آگے کے علاقے پر غلبہ حاصل کرنے کے لیے لڑیں گے۔

**2۔ "دانی ایل نے پھر ایک جسیم بکرا دیکھا جس کی آنکھوں کے درمیان بڑا سینگ تھا—اِس کا کیا مطلب ہے؟**

**دانی ایل 22,21:8** "اور وہ جسیم بکرا __________ کا بادشاہ ہے اور اُس کی آنکھوں کے درمِیان کا بڑا سِینگ __________ بادشاہ ہے۔ اور اُس کے ٹُوٹ جانے کے بعد اُس کی جگہ جو چار اَور نِکلے وہ چارسلطنتیں ہیں جو اُس کی قَوم میں قائِم ہوں گی لیکن اُن کا اِقتدار اُس کا سا نہ ہو گا۔ "

**نوٹ:** نر بکرا یونان کی نمائندگی کرتا ہے، جس نے سلطنت فارس کو فتح کیا تھا۔ اس کا بڑا سینگ اُس کے حکمران سکندر اعظم کی علامت ہے۔ چار سینگ اُن چار جرنیلوں کی نمائندگی کرتے ہیں جنہوں نے سکندر کی مَوت کے وقت سلطنت کے کچھ حصّوں پر اقتدار سنبھالا تھا۔

**3۔ پھر ایک چھوٹا سینگ بعد میں اُن چاروں میں سے نکلتا ہے— یہ کس طاقت کی نمائندگی کرتا ہے؟**

**اعمال 2:18** " اور وہاں اُس کو اَکوِلہ نام ایک یہُودی مِلا جو پُنطُس کی پَیدایش تھا اور اپنی بِیوی پرسکِلّہ سمیت اطالِیہ سے نیا نیا آیا تھا کیونکہ کلَودِیُس [قیصر] نے حُکم دِیا تھا کہ سب یہُودی __________ سے نِکل جائیں۔ پس وہ اُن کے پاس گیا۔ "

**نوٹ:** وہ "چھوٹا سینگ" جس نے خُدا کے لوگوں کو ستایا، مُقدّس چیزوں کو پامال کیا، اور یسُوع کے خلاف کھڑا ہوا روم کی نمائندگی کرتا ہے — بُت پرست اور پاپا ئی روم دونوں۔ ملحد رُوم وہ طاقت ہے جو یونان کے بعد آ یا اور نہایت بڑھ گیا، جب مسیح کی پیدائش ہوئی تو بحیرہ روم کی دُنیا پر حکومت کی۔

**4۔ دانی ایل کو بتایا گیا کہ یہ چھوٹا سینگ مَقدِس کو ناپاک کر دے گا۔ پھر مَقدِس کب تک صاف کیا جائے گا؟**

**دانی ایل 14:8** "اور اُس نے مُجھ سے کہا کہ __________ ہزار __________ سَو صُبح و شام تک اُس کے بعد مَقدِس پاک کِیا جائے گا۔"

**نوٹ:** یہ 2,300 دِن کی مُدت بائبل مُقدّس میں سب سے طویل پیشینگوئی ہے، لیکن نقطہ آغاز اور معنی اگلے باب تک نہیں دیے گئے ہیں— دانی ایل 25:9میں۔ (یاد رکھیں، بائبل مُقدّس کی پیشینگوئی میں، ایک دِن ایک لفظی سال کی نمائندگی کرتا ہے۔ دیکھیں حزقی ایل 6:4؛ گنتی 34:14)۔

## 5۔ جب دانی ایل نے چھوٹے سینگ کی طاقت کو خُدا کے لوگوں کو ستاتے اور سچائی کو پامال کرتے دیکھا تو اُس نے کیسا ردِعمل ظاہر کیا؟

**دانی ایل 27:8** "اور مُجھ دانی ایل کو غش آیا اور مَیں __________ روز تک بِیمار پڑا رہا۔ پِھر مَیں اُٹھا اور بادشاہ کا کاروبار کرنے لگا اور مَیں رویا سے پریشان تھا لیکن اِس کو __________ نہ سمجھا۔ "

**نوٹ:** دانی ایل خُدا کے لوگوں پر آنے والی چیزوں سے اِس قدر غمگین تھا کہ وہ بے ہوش ہو گیا اور بیمار ہو گیا۔ شروع میں، نہ دانی ایل اور نہ ہی اُس کے دوستوں نے رویا کے 2,300 دن کے حصّے کو سمجھا۔

## 6۔ اگلے باب میں، فرشتہ پیشینگوئی کو مکمل کرنے کے لیے واپس آتا ہے- رویا میں اضافی مدت کتنی دیر تک شامل تھی؟

**دانی ایل 24:9** " تیرے لوگوں اور تیرے مُقدّس شہر کے لِئے __________ __________ مُقرّر کِئے گئے کہ خطاکاری اور گُناہ کا خاتِمہ ہو جائے۔ بدکرداری کا کفّارہ دِیا جائے۔ اَبدی راست بازی قائِم ہو۔ رویا و نبُوّت پر مُہر ہو اور پاکترِین مقام ممسُوح کِیا جائے۔"

**نوٹ:** 2,300 دِنوں کے بارے میں دانی ایل کی رویا کے کئی سال بعد، جب وہ اپنے لوگوں کے لیے خلوص ِ دِل سے دُعا کر رہا تھا، جبرائیل فرشتہ اُس کی پہلی رویا کے معنی میں سمجھانے میں مدد کرنے کے لیے دوبارہ ظاہر ہوا (دانی ایل 23:9)۔ فرشتے نے یہ بھی وضاحت کی کہ اُس رویا میں یہُودیوں اور یروشلم کے شہر کے لیے 70 ہفتوں کی پیشینگوئی کی مدت شامل تھی جو "مقرر" یا مختص کی گئی تھی۔ اِس کا مطلب یہ تھا کہ خُدا اپنی چنیدہ قوم کو ،مسیحا کےدُنیا کے سامنے پیش کرنے اور اُس کی بشار ت کا اعلان کرنے کے اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لیے مزید 490 سال دے گا (24 -آیت)۔

## 7۔ 2,300 دِن اور 70 ہفتے کی دونوں پیشینگوئیوں کا نقطہ آغاز کیا تھا؟

**دانی ایل 25:9** " پس تُو معلُوم کر اور سمجھ لے کہ __________ کی __________ اور تعمِیر کا حُکم صادِر ہونے سے ممسُوح فرمانروا تک سات ہفتے اور باسٹھ ہفتے ہوں گے۔ تب پِھر بازار تعمِیر کِئے جائیں گے اور فصِیل بنائی جائے گی مگر مُصِیبت کے ایّام میں۔"

**نوٹ:** فرشتے نے دانی ایل سے کہا کہ وہ یروشلم کی بحالی اور تعمیر نو کے اہم فرمان سے 2,300 دن اور 70 ہفتوں کی پیشین گوئیوں کو گننا شروع کرے۔ بابل کے زوال کے بعد، فارس کے بادشاہ سائرس دوئم نے یہودیوں کو اِسرائیل واپس آنے اور زمِین کو دوبارہ آباد کرنے کی اجازت دی۔ تاہم، یروشلم کی تعمیر نو کا قابل ذکر فرمان کئی سال بعد آیا۔ یہ بادشاہ ارتخششتا اوّل نے اپنی حکومت کے ساتویں سال میں صادر کیا تھا۔ 464قبل از مسیح میں(Artaxerxes I ) ارتخششتا اوّل تخت پر آیا؛ لہٰذا، ارتخششتا کا فرمان 457 قبل از مسیح میں باقا ئدہ جاری گیا تھا (عزرا 7:7-24)۔

بائبل مُقدّس کے بابراِس تاریخ کے اہم تاریخی شواہد موجود ہیں۔ "Elephantine papyri ہمارے اس نتیجے کی مضبوط حمایت کرتا ہے کہ ارتخششتا اوّل کا فرمان 457 قبل مسیح میں جاری کیا گیا تھا اور اس پر عمل کیا گیا تھا۔" (The Chronology of Ezra 7, Siegfried H. Horn and Lynn H. Wood, 1970 )

## 8۔ فرشتے نے کہا کہ 457 قبل از مسیح سے 69 ہفتے گنتے وقت یہ ممسُوح فرمانروا تک آئے گا۔ کیا اَیسا ہوا؟

**اعمال 38,37:10** "اُس بات کو تُم جانتے ہو جو یُوحنّا کے بپتِسمہ کی مُنادی کے بعد گلِیل سے شرُوع ہو کر تمام یہُودیہ میں مشہُور ہو گئی۔ کہ خُدا نے یِسُوعؔ ناصری کو رُوحُ القُدس اور قُدرت سے کِس طرح __________ کِیا۔ وہ بھلائی کرتا اور اُن سب کو جو اِبلِیس کے ہاتھ سے ظُلم اُٹھاتے تھے شِفا دیتا پِھرا کیونکہ خُدا اُس کے ساتھ تھا۔"

**نوٹ:** لیکن ہاں، اَیسا ہوتا ہے! یہاں ایک شاندار معجزہ ہے. یسُوع کے رُوح القدس کے ساتھ مسَح کیے جانے سے بہت پہلے، پیشینگوئی میں واقعہ کی بالکل درُست پیش گوئی کی گئی تھی! "مسیح" عبرانی لفظ "مَسح " کے لیے ہے اور لفظ "مسیح" اِسی لفظ کا یونانی ترجمہ ہے۔ لوقا 22,21:3میں لکھا ہے کہ رُوح القدس کی طرف سے یہ خاص مَسح اُس کے بپتِسمہ کے وقت ہوا تھا۔ اِس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے کہ نبُوّت کا ایک دِن ایک لفظی سال کے برابر ہے، 69 ہفتوں یا 483 (483 = 7 x 69) پیشینگوئی کے دِنوں کو 457 قبل مسیح میں شامل کرنے سے ہمیں 27 عیسوی (483 – 457 = 26، +1 سال) پر لے آتا ہے کیونکہ 1 قبل مسیح کے درمیان کوئی صفر سال نہیں ہے۔ اور(1 AD .

انجیل کا مصنف لوقا ایک عمدہ مورخ تھا اور اُس نے ہمیں یہ جاننے کے لیے تاریخ میں چھ سنگِ میل دیے کہ یسُوع نے بپتِسمہ کب لیا تھا (لوقا3:1-2-1)-27 AD وہ وقت تھا جب یسُوع کی عمر تیس سال تھی اور اپنے بپتِسمہ کے بعد مسیحا کے طور پر اپنی خدمت کا آغاز کیا — 457 قبل از مسیح میں فرمان سے لے کر بالکل 483 سال بنتے ہیں! لہٰذا، بپتِسمہ لینے کے فوراً بعد، یسُوع نے منادی شروع کی، ’’وقت پورا ہو گیا ہے، اور خُدا کی بادشاہی نزدیک آ گئی ہے‘‘ (مرقس15:1)۔ وہ دانی ایل 25:9 میں وقت کی پیشینگوئی کے بارے میں بات کر رہا تھا!

## 9. پھر پیشینگوئی میں آگے کیا ہونا تھا؟

**دانی ایل 27,26:9** " اور باسٹھ ہفتوں کے بعد وہ ممسُوح __________ __________ جائے گا اور اُس کا کُچھ نہ رہے گا اور ایک بادشاہ آئے گا جِس کے لوگ شہر اور مَقدِس کو مِسمار کریں گے اور اُس کا انجام گویا طُوفان کے ساتھ ہو گا اور آخِر تک لڑائی رہے گی۔ بربادی مُقرّر ہو چُکی ہے۔ اور وہ ایک ہفتہ کے لِئے بُہتوں سے عہد قائِم کرے گا اور __________ ہفتہ میں ذبِیحہ اور ہدیہ مَوقُوف کرے گا اور فصِیلوں پر اُجاڑنے والی مکرُوہات رکھّی جائیں گی یہاں تک کہ بربادی کمال کو پُہنچ جائے گی اور وہ بلا جو مُقرّر کی گئی ہے اُس اُجاڑنے والے پر واقع ہو گی۔"

**نوٹ:** پیشینگوئی میں آگے اشارہ کیا گیا کہ نبُوّت 70 ہفتوں کے آخری ہفتے کے وسط میں یسُوع یعنی ممسُوح کو "قتل کر دیا جائے گا" یا مصلُوب کیا جائے گا۔ 27 عیسوی کے موسم خزاں میں اُس کے مسَح سے ساڑھے تین سال گنیں تو یہ ہمیں 31 عیسوی کے موسم بہار میں لے جاتا ہے - وہی وقت تھا جب یسُوع کو مصلُوب کیا گیا تھا۔ (نیچے ٹائم لائن دیکھیں۔) جس وقت وہ مر گیا، ہیکل کا پردہ اوپر سے نیچے تک پھٹ کر دو ٹکڑے ہو گیا . (متی51,50:27)، اِس بات کی نشاندہی کرتےہوئے کہ یسُوع نے قربانی کے نظام کو خُدا کے حقیقی برّہ کے طور پر اپنی مَوت سے ختم کر دیا تھا۔




بائبل مُقدّس کے کچھ طالب علم دانی ایل کی 490 سالہ پیشینگوئی کے آخری ہفتے (سات لفظی سال) کو الگ کرتے ہیں اور اُسے مخالفِ مسیح کے کام اور سات سالہ ایذارسانی کے اختتام پر لاگو کرتے ہیں۔ اَیسا کرنے میں بائبل مُقدّس کی کوئی حمایت نہیں ہے۔

## 10. یسُوع نے اپنے شاگردوں سے کہا کہ وہ اپنی منادی کو پہلے لوگوں کے کس گروہ پر مرکوز رکھیں؟

**متی 6,5:10** "اِن بارہ کو یِسُوعؔ نے بھیجا اور اُن کو حُکم دے کر کہا۔ غَیر قَوموں کی طرف نہ جانا اور سامرِیوں کے کِسی شہر میں داخِل نہ ہونا۔ بلکہ ____________ کے گھرانے کی کھوئی ہُوئی بھیڑوں کے پاس جانا۔"

**نوٹ:** چونکہ خُدا نہایت مہربان اور رحم ہے! اگرچہ اُس کے اپنے لوگ بالآخر اُسے دھوکہ دیں گے، یسُوع نے اصرار کیا کہ اُس کے شاگرد سب سے پہلے یہودیوں کو خصوصی طور پر تبلیغ کریں-کیونکہ مسیح کو قبول کرنے اور اِس کا اعلان کرنے کے لیے قوم کے 490 سالہ موقع میں ساڑھے تین سال باقی رہیں گے۔ دانی ایل 27:9 میں پیشینگوئی میں کہا گیا ہے کہ یسُوع عہد کی تصدیق کرے گا، نجات کا عظیم منصوبہ، ایک نبُوّتی ہفتے (سات لفظی سال) کے لیے بہت سے لوگوں کے ساتھ عہد باندھے گا۔

لیکن وہ آخری ہفتے کے وسط میں مصلُوب کیاگیا تھا جو وقت اُس کی چُنیدہ قوم کو دیا گیا تھا، تو وہ اپنی وفات کے بعد اُن کے ساتھ کیسے قائم کر سکتا تھا؟ اِس کا جواب عبرانیوں3:2 میں ہے: " تو اتنی بڑی نِجات سے غافل رہ کر ہم کیونکر بچ سکتے ہیں ؟ جس کا بیان پہلے خُداوند کے وسِیلہ سے ہُوا اور سُننے والوں سے ہمیں پایہ ثبُوّت کو پُہنچا۔" اور اُن لوگوں نے جو اُس کو سُنتے تھے، ہماری تصدیق کی گئی تھی؟ یسُوع کے آخری ساڑھے تین سال تک، اُس کے شاگردوں نے صرف یہودیوں کو تبلیغ کی، یہاں تک کہ قوم نے، اُن کی سپریم کونسل کے ذریعے، 34 عیسوی میں انجیل کے پیغام کو سرکاری طور پر مسترد کر دیا جب رُوح سے معمُور ستفنس، کو سرعام سنگسار کیا گیا تھا (اعمال 7- :58، 59)۔

## 11. سن 34 عیسوی کے بعدخُداکی منتخب قوم کون ہے (1- پطرس9:2) ؟

**متی43:21** "اِس لِئے مَیں تُم سے کہتا ہُوں کہ خُدا کی ___________ تُم سے لے لی جائے گی اور اُس ________کو جو اُس کے پَھل لائے دے دی جائے گی۔"

رومیوں 29,28:2 "کیونکہ وہ یہُودی نہیں جو ظاہِر کا ہے ………بلکہ یہُودی وُہی ہے جو __________میں ہے اور خَتنہ وُہی ہے جو دِل کا اور رُوحانی ہے نہ کہ لفظی۔"

**نوٹ:** یسُوع نے واضح کیا کہ یہودی قوم کی خصوصی حیثیت کو منسُوخ کر دیا جائے گا اگر لوگ یسُوع کو بطور مسیحا مسترد کرنے پر قائم رہیں۔ اگرچہ خُدانے اپنی اُمّت یہودی قوم کو ہرگز ترک نہیں کیا ہے (رومیوں 11:1)، یہودی قوم اَب دُنیا تک پہنچنے کے لیے اُس کا چُنا ہوا وسِیلہ نہیں ہے۔ یہ عہد سِتفُنس کو سنگسار کرنے کے ساتھ ختم ہوگیا۔ پَولُس کی تبدیلی کے بعد، انجیل کا پیغام غیر قوموں میں پھیل گیا ۔ تب سے، وہ تمام لوگ جو یسُوع کو قبول کرتے ہیں، یہودی اور غیر قوم دونوں، اُس کے چنے ہوئے لوگ ہیں (1 -پطرس9:2)، اور وہ وعدے جو کبھی لفظی اِسرائیل پر لاگو ہوتے تھے اَب رُوحانی اِسرائیل تک پھیلے ہوئے ہیں (رومیوں6:9-8)۔ اس طرح، مشرق وسطی میں قوم اِسرائیل آخری وقت کی پیشینگوئی کی مرکزی توجہ کا مرکز نہیں ہے۔



## 12. دانی ایل سے بات کرنے والے فرشتے کے مطابق، 2,300 سالوں کے اختتام پر کون سا آخری واقعہ شروع ہو گا؟

**دانی ایل 14:8** " اور اُس نے مُجھ سے کہا کہ دو ہزار تِین سَو صُبح و شام تک اُس کے بعد ______________ ______________ کِیا جائے گا۔ "

**نوٹ:** 457 قبل ازمسیح کے اپنے نقطہ آغاز پر واپس جانا اور یاد رکھنا کہ پیشینگوئی میں ایک دن لفظی سال کی نمائندگی کرتا ہے، 2,300 سال گِننے سے ہم 1844 تک پہنچ جاتے ہیں۔ فرشتے نے کہا کہ مَقدِس کو پاک کیا جائے گا، یا "بحال" کیا جائے گا (CSB, ESV, NASB )۔ لیکن 70 عیسوی میں رومیوں کے ہاتھوں تباہ شدہ زمینی ہیکل کبھی بحال نہیں ہوئی۔ تو 1844 میں کیا ہوا؟ پڑھتے رہیں!

## 13-جب یسُوع آسمان پر چڑھا تو اُس کی خدمت ہمارے لیے کہاں جاری رہی؟

**عبرانیوں 14:4** "پس جب ہمارا ایک اَیسا بڑا سردار کاہِن ہے جو ______________ سے گُذر گیا یعنی خُدا کا بیٹا یِسُوعؔ تو آؤ ہم اپنے اِقرار پر قائِم رہیں۔"

عبرانیوں 11:9 " لیکن جب مسیح آیندہ کی اچھّی چِیزوں کا سردار کاہِن ہو کر آیا تو اُس بزُرگ تر اور کامِل تر ____________ کی راہ سے جو ہاتھوں کا بنا ہُؤا یعنی اِس دُنیا کا نہیں۔"

**نوٹ:** جب مذہبی رہنماؤں نے آخرکار یسُوع کی تعلیم اور خدمت کو مسترد کر دیا، تو وہ ہیکل سے نکل گیا اور اِعلان کیا، "دیکھو! تمہارا گھر تمہارے لیے ویران چھوڑا جاتا ہے'' (متی 38:23)۔ جب یسُوع صلیب پر مر گیا، تو زمینی ہیکل کا مقصد—جانوروں کی قربانیوں کے خون کا بہایا جانا— اَب پورا ہو گیا تھا۔ یہ سب کچھ مسیح، حقیقی برّہ اور کاہن اعظم کی طرف اشارہ کرتا تھا۔ زمینی مَقدِس کا کام ختم ہو چکا تھا۔ اپنے آسمان پر صعُودکے بعد سے، یسُوع ہمارے سردار کاہن کے طور پر باپ کے سامنے شفاعت کر رہا ہے، ہماری طرف سے اپنے خون کو پیش کر رہا ہے (رومیوں 34:8؛ عبرانیوں7:25;24:9)۔

## 14. کیا اَب بھی زمِین پر خُدا کا مَقدِس ہے؟

**افسیوں 22-19:2** "پس اَب تُم پردیسی اور مُسافر نہیں رہے بلکہ مُقدّسوں کے ہم وطن اور خُدا کے گھرانے کے ہو گئے۔ اور رسُولوں اور نبِیوں کی نیو پر جِس کے کونے کے سِرے کا پتّھر خُود مسیح یِسُوع ہے تعمِیر کِئے گئے ہو۔ اُسی میں ہر ایک عِمارت مِل مِلا کر خُداوند میں ایک __________ __________ بنتا جاتا ہے۔ اور تُم بھی اُس میں باہم تعمِیر کِئے جاتے ہو تاکہ رُوح میں خُدا کا مسکن بنو۔"

**نوٹ:** جی ہاں۔ خُدا کے لوگ اَب زمِین پر اُس کا رُوحانی مَقدِس ہیں! اِیمانداروں کو "زندہ پتھر" کہا جاتا ہے (1 پطرس 5:2)۔ یسُوع نے یہ بھی پیشینگوئی کی، ''اِس مَقدِس ڈھا دو، تو میں اُسے تین دِن میں کھڑا کردُوں گا،'' لیکن وہ اپنے جسم کے بارے میں بات کر رہا تھا (یوحنا 2:19-21)۔ اور، بلاشبہ، کلیسیا کو "مسیح کا بدن" کہا جاتا ہے (1 ۔کرنتھیوں27:12)۔

دانی ایل 14:8 پیشینگوئی کرتی ہے کہ صفائی شروع ہو جائے گی۔ کس چیز سے پاک کیا؟ دانی ایل 12,11:8کے مطابق، ''اُس کے مقدِس کی جگہ کو گرا دیا گیا، اور اُس چھوٹے سینگ نے [حیوان کی طاقت] سچائی کو زمین پر پٹک دیا۔'' 1844 میں، جیسے ہی ہمارے سردار کاہن نے آسمانی ہیکل کو صاف کرنا شروع کیا، اور دُنیا بھر میں ایک غیر معمولی حیات ِنو نے بائبل مُقدّس کی اُن سچائیوں کو بحال کرنا شروع کر دیا جنہیں حَیوان نے اپنے 1,260 سالہ دورِ حکومت میں دُھندلا یا مسخ کر دیا تھا۔ یسُوع ایک اَیسی کلیسیاء کے لیے آ رہا ہے جو اُن عقائد کی طرف واپس آ گئی ہے جو "ایک بار... مُقدّسوں کو سونپے گئےتھے" (یہوداہ آیت 3)— مثال کے طور پر، ایک اَیسی کلیسیاء جو دسوں حُکموں کو بشمول ساتویں دن کوسبت کا دِن پاک مانتی ہے اور یہ اِیمان رکھتی ہے کہ یسُوع کی حقیقی آمد پر اُنہیں اَبدی زِندگی دی جائے گی۔

**15- یسُوع نے 1844 میں اپنے کلیسیا کے لیے اپنی نِجات بخش خدمت کا کون سا خصوسی پہلو شروع کیا؟**

**1- پطرس 17:4** "کیونکہ وہ وقت آ پُہنچا ہے کہ ____________ ____________کے گھر سے عدالت شرُوع ہو۔"

**واعظ 14:12** " کیونکہ خُدا ہر ایک ___________ کو ہر ایک _____________ چِیز کے ساتھ خواہ بھلی ہو خواہ بُری عدالت میں لائے گا۔ "

**نوٹ:** زمینی مَقدِس میں، مُقدّس سال کے اختتام پر سردار کاہن کا آخری عمل "کفارہ کا دِن" ہوتا تھا (احبار 27:23)۔ یہ وہ وقت تھا جب خُدا کے لوگوں کو اپنے گناہوں سے پاک صاف کیا گیا تھا جو سال بھر میں مقدِس میں منتقل ہو چکے ہوتے تھے۔ یہ خود کی جانچ اور عدالت کا وقت ہوتا تھا۔

یسُوع، ہمارے سردار کاہن، نے اپنی آخری خدمت کا آغاز آسمانی مَقدِس میں کیا۔ ایک عدالتی فیصلہ جو اُس کے واپس آنے سے پہلے ہوتا ہے۔ جب مسیح واپس آتا ہے، ہم جانتے ہیں کہ وہ انعامات کے ساتھ واپس آ رہا ہے۔ لہٰذا، فیصلے کے لیے عدالت کی کوئی نہ کوئی شکل اُس کے آنے سے پہلے ضرور ہونی چاہیے اور اُسے "پری ایڈوَنٹ" تفتیشی عدالت کیوں کہا جاتا ہے (مکاشفہ 12:22)۔ عدالت کے اِس پہلے مرحلے میں، صرف وہی لوگ شامل ہیں جنہوں نے خُدا کے لوگ ہونے کا دعویٰ کیا ہے جن پر غور کیا جاتا ہے (زبور50:3-5)، جب کہ کھوئے ہوئے لوگوں کا فیصلہ ہزار سال کے دوران دُوسرے مرحلے کے لیے محفوظ ہے (مکاشفہ 20: 4، 11، 12)۔ دونوں مراحل میں ثبوت کا ماخذ آسمانی "کتابوں" میں پایا جاتا ہے جس میں ایک شخص کی زندگی کے بارے میں تمام تفصیلات موجود ہیں (زبور 8:56؛ دانی ایل 10:7؛ مکاشفہ 12:20)۔ اور دونوں مراحل میں عدالت کا معیار دَس احکام ہیں (واعظ 14,13:12؛ مکاشفہ 14,12:22)۔

16- تفتیشی عدالت میں ہماری بڑی اُمّید کیا ہے؟

**A** - یسُوع ہمارا وکیل ہے (1 یوحنا1:2) ۔
**B** - یسُوع ہمارا مُنصف ہے (یوحنا 22:5) ۔
**C** - یسُوع ہمارا وفادار اور سچا گواہ ہے (مکاشفہ 14:3) ۔

**نوٹ:** اِس عدالت میں شیطان ہمارا الزام لگانے والا ہے (مکاشفہ 10,9:12)، لیکن شکر ہے، یسُوع مسیحیوں کا دفاعی وکیل، جج اور گواہ ہے۔ اگر آپ اپنے گناہوں کا اقرار کرتے ہیں، اپنی زندگی مسیح کے حوالے کر دیتے ہیں، اور اُس کی پیروی کرنے کا انتخاب کرتے ہیں، تو وہ آپ کی طرف سے اپنے خُون کی استدعا کرے گا — اور اس نے باپ سے کبھی کوئی مقدمہ نہیں ہارا، جو آپ سے مُحبّت کرتا ہے**!** (یوحنا 27:16؛ رومیوں 1:8؛ کلسیوں 14-12:1)۔

## آپ کا جواب:

جب یسوع عدالت میں آپ کا وکیل ہے، تو وہ آپ کا مقدمہ جیتنے کا وعدہ کرتا ہے**!** کیا آپ آج اپنی زندگی اس کے حوالے کر دیں گے؟

**میرا جواب:** ______________________ ۔

# اِضافی مطالعہ
# 1844میں دیگر دلچسپ ترقیاتی پیش رفت

- رواداری کا حکم نامہ منظور کیا گیا ہے، جس سے یہودیوں کو صدیوں میں پہلی بار مُقدّس سرزمین میں ایک بار پھر آباد ہونے کی اجازت دی گئی ہے۔
- ڈارون نے آن دی اوریجن آف اسپیسز شائع کیا ، جو نظریہ ارتقاء کی بنیاد بنے گا۔
- کارل مارکس نے اپنا سیاسی فلسفہ تیار کیا، جو کمیونسٹ مینی فیسٹو میں پایا جاتا ہے، جس نے پوری دُنیا میں ملحد حکومتوں کو پھیلانے کی راہ ہموار کی۔
- مورس کوڈ کو ریلے کرنے والا پہلا الیکٹرانک پیغام 1844 میں بھیجا گیا، جس نے الیکٹرانک مواصلات کی بنیاد رکھی۔ بھیجے گئے پہلے پیغام میں بائبل کا حوالہ دیا گیا: "خُدا نے کیا کیا ہے؟" (گنتی 23:23 KJV-
- چارلس گڈئیر نے ولکنائزیشن کے لیے ایک پیٹنٹ حاصل کیا، ربڑ کو مضبوط کرنے کا ایک عمل، صنعتی انقلاب کو فروغ دیتا ہے۔
- چین اور امریکہ کے درمیان پہلا معاہدہ ہوا تھا۔